**12.02.2025**

**2115 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

Music

..........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور فرانس کے صدر ایمانوئیل میخواں نے بھارت - فرانس کلیدی شراکت داری کیلئے پختہ عزم کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے فرانسیسی شہر Marseille میں نئے بھارتی قونصل خانے کا مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔

☆ وزیر اعظم، فرانس کا اپنا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد امریکہ کے دو روزہ دورے پر واشنگٹن ڈی سی روانہ ہوگئے ہیں۔

☆ امدادِ باہمی محکمے کے وزیر امت شاہ نے زور دیا ہے کہ حکومت، ریاستوں میں امدادِ باہمی اداروں کے مشترکہ اور متوازن فروغ کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی اقدامات کررہی ہے۔

☆ جنوری میں خردہ افراطِ زر پانچ مہینے میں سب سے کم ہوکر چار اعشاریہ تین ایک فیصد ہوگئی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، احمد آباد میں بھارت نے انگلینڈ کو آخری ایک روزہ میچ میں 142 رَن سے کراری شکست دے کر تین ایک روزہ میچوں کی سیریز میں تین - صفر سے شاندار جیت حاصل کی ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### PM - Marseille

وزیر اعظم نریندر مودی کا فرانس کا تین روزہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان مضبوط کلیدی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے لیے تھا، جس میں دفاع، ٹیکنالوجی، تجارت اور عالمی اشتراک پر اہم تبادلۂ خیال ہوا۔

آج صبح، وزیر اعظم نریندر مودی اور فرانسیسی صدر ایمانوئیل میخواں نے مشترکہ طور پر تاریخی فرانسیسی شہر مارسیلی میں نئے بھارتی قونصل خانے کا افتتاح کیا۔ یہ نیا قونصل خانہ جنوبی فرانس کے چار خطوں میں خدمات انجام دے گا۔ وہاں آباد بھارتی برادری بڑی تعداد میں اس تاریخی موقع پر موجود تھی۔ وزیر اعظم مودی نے صدر میخواں کی تقریب میں موجودگی پر انتہائی خوشی کا اظہار کیا۔

دونوں رہنماؤں نے Cadarche میں موجود بین الاقوامی تھرمو نیوکلیائی تجرباتی ری ایکٹر (ITER) پروجیکٹ کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے ITER کی پیش رفت کا جائزہ لیا، جہاں سائنسدان 500 میگاواٹ کی فیوژن بجلی کی

پیداوار کیلئے کام کررہے ہیں۔ بھارت اس عالمی منصوبے میں ایک اہم شراکت دار رہا ہے، جس میں تقریباً 200 بھارتی سائنسدان اور بڑی صنعتی کمپنیاں سرگرم عمل ہیں۔

دونوں رہنماؤں نےMazargues War Cemetery میں ، ان بھارتی فوجیوں کو بھی خراج عقیدت پیش کیا، جنہوں نے پہلی اور دوسری جنگ عظیم کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا تھا۔ انہیں گلہائے عقیدت نذر کرتے ہوئے، وزیر اعظم مودی نے ان کی قربانیوں کو بہادری اور فرض کی انجام دہی کی علامت قرار دیا، جسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بحری تعلقات کو مزید فروغ دینے کیلئے وزیر اعظم مودی اور صدر میکرون نے Marseilles بندر گاہ کا بھی دورہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے Marseilles میں ’’ مغربی ایشیا - یوروپ اقتصادی کاریڈور‘‘ کا بھی جائزہ لیا، جو علاقائی کنکٹیویٹی اور مربوط اقتصادی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔

وزیر اعظم مودی اور فرانسیسی صدر ، پیرس میں کئی اعلیٰ سطحی رابطوں کے اختتام کے بعد آج صبح Marseilles پہنچے۔

دو طرفہ مذاکرات کے دوران دونوں رہنماؤں نے دفاع، سول نیوکلیائی توانائی اور خلائی شعبے میں اشتراک کا جائزہ لیا۔ وزیر اعظم مودی اور صدر میخواں نے بھارت-فرانس کلیدی شراکت داری کیلئے اپنے عزم مصمم کا اعادہ کیا۔

انہوں نے آئندہ سال 2026 کو بھارت - فرانس کے اختراعی سال کے طور پر خصوصی توجہ کے ساتھ ٹیکنالوجی، اختراع اور سرمایہ کاری کے رابطوں پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ اس کے بعد ، اُن کے Marseilles پہنچنے پر وفود کی سطح کی بات چیت ہوئی۔

مستقبل کے اشتراک کی خاطر نقشۂ راہ سے متعلق ایک مشترکہ اعلامیہ اختیار کیا گیا، جس کے تحت سول نیوکلیائی توانائی، ماحولیات اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں 10 اہم معاہدوں پر دستخط کئے گئے۔

دفاع کے حوالے سے، دونوں رہنماؤں نے فوجی اشتراک کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا اور اسکورپین آبدوزوں کی مشترکہ تیاری اور جدید فوجی ٹیکنالوجیز پر ہونے والی بات چیت کے سلسلے میں پیش رفت کا خیرمقدم کیا۔

Marseilles میں، وزیر اعظم کے فرانس کے دورے کے نتائج پر میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے، خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور فرانسیسی صدر ایمانوئیل میخواں نے اپنی بات چیت کے دوران یورپ، مغربی ایشیا اور بھارت بحرالکاہل میں حالیہ جغرافیائی اور سیاسی واقعات پر تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے کئی اہم عالمی اور علاقائی امور پر گفتگو کی۔

SB - 2100 Vikram Misri - Club

جناب مسری نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے Marseilles تک فرانسیسی صدارتی طیارے میں سفر کیا، جو صدر میخواں کی جانب سے خیرسگالی کا ایک غیر معمولی اظہار ہے۔

خارجہ سکریٹری نے کہا کہ مصنوعی ذہانت AI دو طرفہ بات چیت کا ایک اہم موضوع رہا۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ آئندہ سال ’’بھارت-فرانس اختراعی سال‘‘ کے طور پر منایا جائے گا، جس میں ٹیکنالوجی، اختراع اور اسٹارٹ اپس پر توجہ دی جائے گی۔

SB - 2100 Vikram Misri - AI

وزیر اعظم نریندر مودی، فرانس کا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد دو روزہ دورے پر واشنگٹن ڈی سی کیلئے روانہ ہو چکے ہیں۔x

## PM Visit

فرانس کے اپنے کامیاب دورے کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی امریکہ روانہ ہوگئے ہیں جہاں وہ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ دو ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت وزیر اعظم مودی، کل علی الصبح واشنگٹن DC پہنچیں گے۔

اِس سے پہلے وزیر اعظم مودی کے دورے کے بارے میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مِسری نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی، اُن چنندہ عالمی رہنماؤں میں سے ایک ہوں گے، جو امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے عہدہ سنبھالنے کے بعد امریکہ کا دورہ کر رہے ہیں۔

Byte: FS

وزیر اعظم مودی، واشنگٹن DC میں صدر ٹرمپ کے ساتھ محدود اور وفد کی سطح دونوں طرز پر بات چیت کریں گے۔ جناب مودی کا امریکی انتظامیہ کی سینئر شخصیات، صنعتی رہنماؤں اور بھارتی برادری کے اراکین سے ملاقات کا بھی پروگرام ہے۔

نئی انتظامیہ کے عہدہ سنبھالنے کے محض تین ہفتے کے اندر جناب مودی کو امریکہ کے دورے کی دعوت دی گئی، جو بھارت- امریکہ ساجھیداری کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ دورہ، باہمی مفادات کے سبھی شعبوں میں نئی انتظامیہ کے ساتھ مصروف عمل ہونے کا قیمتی موقع ہوگا۔ جناب ٹرمپ کی پہلی مدت سے ہی وزیر اعظم مودی اور صدر ٹرمپ کے درمیان قریبی تعلقات رہے ہیں۔

اس دوران دونوں ممالک مختلف شعبوں جیسے تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، دفاعی اشتراک، انسداد دہشت گردی، بھارت- بحر الکاہل خطے کی سلامتی اور عوام سے عوام رابطوں جیسے باہمی مفادات کے معاملوں پر غور و خوض کریں گے۔

## Shah Cooperation Meeting

باہمی تعاون کے مرکزی وزیر امت شاہ نے زور دے کر کہا ہے کہ حکومت، ریاستوں میں باہمی تعاون کے یکساں اور متوازن ترقی کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی اقدامات کر رہی ہے۔ جناب شاہ، نئی دلّی میں تعاون کی وزارت کی پارلیمانی مشاورتی کمیٹی کی پہلی میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت، ملک میں باہمی تعاون کے فروغ کیلئے علاقائی عدم استحکام کے مسئلے سے نمٹنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ قومی معاونتی ڈاٹا بیس تیار کرنے کا کام تقریباً پورا ہوچکا ہے۔ جناب شاہ نے مزید کہا کہ ملک بھر میں کوآپریٹو سوسائٹیز کے بارے میں معلومات جسے علاقے کے حساب سے زمرے میں تیار کیا گیا ہے۔ اب یہ ایک کِلک پر دستیاب ہیں۔

انھوں نے کہا کہ پرائمری زرعی کریڈٹ سوسائٹیز PACS کو کمپیوٹرائز کرنے کیلئے بھی اقدامات کیے گئے ہیں اور آنے والے وقت میں ملک میں ہر پنچایت کے پاس PACS ہوگا۔ وزیر موصوف نے امید ظاہر کی کہ جلد ہی

PACS کے ذریعے ہوائی جہاز ٹکٹ بھی فروخت کیے جاسکیں گے۔

جناب شاہ نے اس بات کو بھی اجاگر کیا کہ باہمی تعاون کے ذریعے روزگار پیدا کرنا اور دیہی علاقے کی خوشحالی، دونوں ممکن ہیں۔ وزیر موصوف نے اس بات کا بھی ذکر کیا کہ وزارت نے Tribhuvan سہکاری یونیورسٹی کے قیام کیلئے ایک بل پیش کیا ہے اور جلد ہی اسے پارلیمنٹ میں پاس کرلیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ اس یونیورسٹی کے قیام سے باہمی تعاون کے شعبے میں داخل ہونے والے پیشہ ور افراد کو تکنیکی تعلیم، اکاؤنٹنگ، ادارہ جاتی معلومات اور تربیت فراہم کی جاسکے گی۔ x

## Ravidas Jayanti

سَنت روی داس کا یوم پیدائش 'روی داس جینتی ' آج ملک بھر میں منائی جارہی ہے۔ سَنت روی داس 14ویں صدی کے سَنت تھے اور شمالی بھارت میں بھگتی تحریک کے بانی تھے۔ ماگھ پورنیا کے موقعے پر روی داس جینتی منائی جاتی ہے۔

صدر جمہوریہ، نائب صدر اور وزیر اعظم نے اِس موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ گرو روی داس جی ایک عظیم سَنت تھے، جنھوں نے اپنی تخلیقات کے ذریعے اتحاد اور بھائی چارے کا پیغام دیا۔

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے اپنے پیغام میں کہا کہ عظیم سَنت ، شاعر اور سماجی مصلح گرو روی داس جی نے ذات پات کے بغیر معاشرے کا نظریہ پیش کیا تھا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ سَنت گرو روی داس نے اپنی پوری زندگی معاشرے سے بھید بھاؤ ختم کرنے میں وقف کردی۔

SB - PM Modi on Ravidas Jayanti - 33 Sec

## CPI January

بھارت کی خردہ افراطِ زر، غذائی اجناس کی قیمتوں میں اضافے کی شرح میں آئی کمی کی بدولت گزشتہ پانچ مہینوں میں سب سے کم ہوکر جنوری میں چار اعشاریہ تین-ایک فیصد ہوگئی ہے۔ خردہ افراطِ زر، دسمبر کے مہینے میں پانچ اعشاریہ دو-دو فیصد تھی۔

شماریات اور پروگرام کے نفاذ کی وزارت کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق دیہی علاقوں میں افراطِ زر کی شرح، چار اعشاریہ چھ-چار فیصد رہی، جبکہ شہری علاقوں میں افراطِ زر کی شرح، تین اعشاریہ آٹھ- سات فیصد رہی۔

آل انڈیا کنزیومر فوڈ پرائس انڈیکس پر مبنی غذائی اجناس کی افراطِ زر کی عارضی شرح گزشتہ مہینے چھ اعشاریہ صفر- دو فیصد درج کی گئی۔

یہی شرح دسمبر کے مہینے میں 8 اعشاریہ تین-نو فیصد تھی۔ وزارت کے مطابق، جنوری کے مہینے میں مجموعی افراطِ زر اور غذائی اجناس پر مبنی افراطِ زر میں کمی کی اہم وجہ، سبزیوں، انڈوں، دالوں، دیگر اشیائے خورد و نوش، تعلیم، ملبوسات اور صحت سے متعلق خدمات کی قیمتوں میں ہوئی کمی ہے۔

وزارت کے مطابق اگست 2024 کے بعد سے مجموعی افراطِ زر اور غذائی اجناس پر مبنی افراطِ زر کی یہ سب سے نچلی سطح ہیں۔ ملک کی خردہ افراطِ زر کی شرح، مرکزی بینک کی جانب سے طے کردہ حد میں برقرار رہی۔ بھارت کے ریزرو بینک نے افراطِ زر کو 2 سے 6 فیصد کے درمیان رکھنے کا نشانہ طے کیا تھا۔ x

**Mahakumbh MAGH Purnima Snan**

ماگھ پورنیا کے موقع پر آج صبح سے گنگا، یمنا اور سرسوتی کے سنگم پر اب تک دو کروڑ سے زیادہ عقیدتمندوں نے پوتر ڈبکی لگائی۔ ماگھ پورنیا کے موقع پر ڈبکی لگانے کی خصوصی مذہبی اہمیت ہے۔ یہ خصوصی رسم، Kalpavas کے اختتام کی علامت بھی ہے۔ اِس سال 10 لاکھ سے زیادہ Kalp واسیوں نے اِس عظیم الشان تقریب میں شرکت کی۔ ہمارے نمائندے نے بتایا کہ مہا کمبھ میں اب تک تقریباً 48 کروڑ 25 لاکھ عقیدت مند پوتر ڈبکی لگا چکے ہیں۔

2100- Adarsh- Kumbh

**VP- Maldives Deligation**

مالدیپ کے ایک پارلیمانی وفد نے، مالدیپ کی People's مجلس کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ کی قیادت میں آج نئی دلّی میں نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بھارت اور مالدیپ کے درمیان دو طرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ طرفین نے دونوں ملکوں کے درمیان پارلیمانی وفد کے تبادلے اور عوام سے عوام کے درمیان رابطے کے بارے میں بھی تبادلۂ خیال کیا۔ x

**Rajiv Ranjan**

ماہی پروری کے وزیر راجیو رنجن سنگھ نے آج نئی دلّی میں 14 ویں ایشین فیشریز اینڈ ایکوا کلچر فورم AFAF کا افتتاح کیا۔

اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ یہ فورم، ماہی پروری کے شعبے کے شراکت داروں کو یکجا کرنے اور ذمہ دارانہ حل تلاش کرنے کیلئے پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ یہ کانفرنس ماحولیات اور سمندروں کا تحفظ کرتے ہوئے ماہی پروری کو آگے لے جانے کا بلیو پرنٹ تیار کرنے میں بھی مدد کرے گی۔

14 ویں AFAF کانفرنس، ماہی پروری اور آبی شعبے سے تعلق رکھنے والے اہم افراد کو یکجا کرتی ہے۔ کانفرنس میں 14 ملکوں کے 900 مندوبین شرکت کریں گے۔

اِن مندوبین میں محققین، پالیسی ساز، صنعتی رہنما اور دیگر شراکت دار شامل ہوں گے۔ یہ باوقار تقریب بھارت میں دوسری مرتبہ منعقد ہو رہی ہے۔ اِس سے پہلے سال 2007 میں کوچی میں آٹھویں AFAF کانفرنس کا انعقاد ہوا تھا۔ x

**RBI - New Bank Notes**

بھارتی ریزرو بینک (RBI) نے اعلان کیا ہے کہ وہ جلد ہی مہاتما گاندھی (نیو) سیریز کے تحت گورنر سنجے ملہوترا کے دستخط والے 50 روپے کے نوٹ جاری کرے گا۔ ان نوٹوں کے ڈیزائن میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ اس کے علاوہ، ریزرو بینک کے ذریعہ پہلے سے جاری کردہ تمام 50 روپے کے نوٹ بھی چلن میں رہیں گے۔ x

## Cricket

مردوں کے کرکٹ میں، احمد آباد میں بھارت نے آخری ایک روزہ میچ میں انگلینڈ کو 142 رَن سے کراری شکست دے کر تین ایک روزہ میچوں کی سیریز میں تین - صفر سے شاندار جیت حاصل کی ہے۔ بھارت نے انگلینڈ کو جیت کیلئے 357 رَن کا نشانہ دیا تھا لیکن انگلینڈ کی ٹیم 34 اوور اور دو گیندوں میں 214 رَن بناکر آل آؤٹ ہوگئی۔ بھارت کیلئے اَرش دیپ سنگھ ، اَکشر پٹیل ، ہرشِت رانا اور ہاردِک پانڈیا سبھی نے دو-دو وکٹ حاصل کئے۔

اِس سے قبل بھارت نے 356 رَن بنائے تھے۔ شُبھ مَن گِل نے 112 اور Shreyas Iyer نے 78 اور وِراٹ کوہلی نے 52 رَن بنائے۔ x

## Badminton Asia C Ship

ایشیائی مکسڈ ٹیم بیڈمنٹن چمپئن شپ 2025 میں بھارت نے آج چین کے Qingdao میں Macau کو پانچ-صفر سے ہراکر اپنی مہم کا آغاز کیا ہے۔ پہلے میچ میں ستیش کمار کروناکرن اورAadya Variyath کی مکسڈ ڈبلز کی جوڑی نے Iok Chong Leong اور Weng Chi Ng کی جوڑی کو اکیس-دس، اکیس-نو سے ہرایا۔ اس کے بعد لکشیہ سین نے مردوں کے سنگلز مقابلے میں چین کے Pang Fong Pui پر اکیس-سولہ، اکیس-بارہ سے جیت حاصل کی۔

خواتین سنگلز میں مالویکا بنسوڑ نے Hao Wai Chan کے خلاف اکیس-پندرہ، اکیس-نو سے جیت حاصل کی۔

مردوں کے ڈبلز میں ایم آر ارجن اور چراغ شیٹی کی جوڑی نے Chin Pon Pui اور Kok Wen Vong کی جوڑی کو اکیس-پندرہ، اکیس-انیس سے جبکہ خواتین کے ڈبلز میں Treesa جولی اور گائتری گوپی چند کی جوڑی نے فائنل میں چین کی Ng Weng Chi اور Pui Chi Wa کی جوڑی کو اکیس-دس، اکیس-پانچ سے شکست دی۔ اس جیت کے ساتھ ہی بھارت نے کوارٹر فائنل میں جگہ بنا لی ہے۔ اب اس کا مقابلہ کوریا سے ہوگا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆